# پاکستان ہوٹلز ڈیویلپرز لمیٹڈ

# اڑتیسواں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ہوٹلز ڈیویلپرز لمیٹڈ کا اڑتیسواں سالانہ اجلاس عام 30 اکتوبر 2017ء کو بوقت 03:30 بجے دن بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 195/2 شاہراہ فیصل کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1- 28 اکتوبر 2016 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2017 کے ختم شدہ سال کیلئے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، قبولیت اور غور وخوض۔

3- آڈیٹرز کا تقرر برائے سال 2018ء اور ان کے مشاہرے کا تعین۔

5- چیئرمین کی اجازت سے کوئی دیگر امور۔

حسب الحکم بورڈ

کراچی

09th اکتوبر 2017ء

**فہد اقبال خان**

کمپنی سیکریٹری

**نوٹس :-**

1- جو ممبر سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے وہ اپنی بجائے کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیاں کمپنی کے سیکریٹری کے پاس یا کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار کے پاس اجلاس انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کرادی جائیں۔

2- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 23 اکتوبر 2017 سے 30 اکتوبر 2017ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر جو ہر طرح سے مکمل ہوں کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار آفس میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس 241-سی، بلاک نمبر 2، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ قائدین، کراچی میں مورخہ 21 اکتوبر 2017 تک موصول ہوئے ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کرنے کے اہل ہونگے۔

3- شیئر ہولڈرز سے گذارش ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو کمپنی کو مطلع کردیں۔

4- حصص یافتگان سے ایس آر او 49(1)/2003 مورخہ 15 جنوری 2003ء اور سرکلر نمبر 13/2004 مورخہ 5 مارچ 2004ء کے مطابق کمپیوٹرائیزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (پاسپورٹ نمبر غیر ملکی ہونے کی صورت میں) بھی کمپنی کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء کی حسب ذیل گائیڈ لائنز پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**(الف) ... سالانہ اجلاس میں شرکت کے لئے**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا فرد جنکی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ (مندرج) ہیں وہ اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی، نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کریں گے۔ (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں)۔

**(ب) ... پراکسیز کی تقرری کے لئے**

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر/ یا فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ (مندرج) ہیں وہ پراکسی فارم مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق پیش کرینگے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ان کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج کئے جائیں گے۔

(iii) مُستفید ہونے والے ملکان اور پراکسی کے تصدیق شدہ سی این ائی سی یا پاسپورٹ پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیگی۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اوریجنل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

(v) ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی، دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو پیش کریں گے۔ (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں)۔